ہفت روزہ
کسٹم نیوز
کراچی
چیف ایڈیٹر: ریاض عاجز
ایڈیٹر: ایم رضا
Weekly
Custom News
Karachi
جلد 8 | 6 جون تا 12 جون 2022ء | قیمت: 10 روپے | شمارہ 45

ایس آر بی: 132 ارب کے محصولات جمع

گزشتہ مالی سال کے اسی مدت میں 109 ارب روپے جمع ہوئے تھے

کراچی (کسٹم نیوز) سندھ ریونیو بورڈ نے سیلز ٹیکس آن سروسز کی مد میں موجودہ مالی سال کے گیارہ ماہ میں 132 ارب روپے کے محصولات جمع کر لئے

بقیہ نمبر 12 صفحہ نمبر 3

بقیہ نمبر 12

ہیں۔ سندھ ریونیو بورڈ نے گزشتہ مالی سال کے اسی مدت میں 109 ارب روپے جمع کئے تھے۔ اس طرح ریونیو وصولی میں 21 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ سندھ ریونیو بورڈ کو موجودہ مالی سال کے ہدف یعنی 150 ارب روپے کے حصول کے لئے اب بھی جون 2022 میں 18 ارب روپے درکار ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ موجودہ ماہانہ وصولی کو دیکھتے ہوئے سندھ ریونیو بورڈ یہ ہدف حاصل کرلے گا۔ صوبائی ریونیو اتھارٹی نے مئی 2022 میں 14.05 ارب روپے کے محصولات جمع کئے جو کہ گزشتہ مالی سال کے اسی مدت کے 10.26 ارب روپے سے 37 فیصد زائد ہیں۔